پرائمری سکولوں اور ناظرہ و حفظ کے بچوں کو سیرت النبی ﷺ اور سیرت صحابہؓ اہل بیتؓ سے متعارف کرانے کے لیے "بزم اطفال مسلم پاکستان" کا تیار کیا گیا نصاب

# رسول اللہ ﷺ کی شہزادیاں

حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا
زوجہ حضرت ابوالعاصؓ

حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا
زوجہ حضرت عثمان غنیؓ

حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا
زوجہ حضرت عثمان غنیؓ

حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا
زوجہ حضرت علی المرتضیٰؓ

# بنات رسول ﷺ کوثر

## بزم اطفال مسلم پاکستان

سوال: حضور ﷺ کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب: حضور ﷺ کی چار بیٹیاں تھی۔

سوال: حضور ﷺ کی بیٹیوں کے نام کیا تھے؟

جواب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا، حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا، حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: رسول کریم ﷺ کی بیٹیوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: بناتِ رسول کہا جاتا ہے۔

سوال: حضور ﷺ کی سب سے بڑی بیٹی کا کیا نام ہے؟

جواب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا سب سے بڑی بیٹی ہیں۔

سوال: حضرت زینبؓ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: بعثت نبوی سے دس سال پہلے پیدا ہوئیں۔

سوال: حضرت زینب کے والد محترم اور والدہ کا کیا نام ہے؟

جواب: آپ کے والد کا نام حضرت محمد ﷺ اور والدہ کا نام حضرت خدیجہؓ ہے۔

سوال: حضرت زینبؓ کی تربیت کس نے کی؟

جواب: آپ کے والد حضرت محمد ﷺ اور والدہ حضرت خدیجہؓ نے۔

سوال: آپؓ نے اسلام کب قبول کیا؟

جواب: اپنی والدہ حضرت خدیجہؓ کے ساتھ ہی۔

سوال: حضور ﷺ کی تکلیفیں دیکھ حضرت زینب پریشان ہوتیں تو آپ ﷺ کیا فرماتے؟

جواب: آپ ﷺ فرماتے: بیٹی! دین حق کی حمایت میں کھڑے ہونے پر اللہ تعالیٰ آپ کے والد کے ساتھ ہیں۔

سوال: حضرت زینب کس قید میں اپنے والدین کے ساتھ تھیں؟

جواب: شعب ابی طالب میں۔

سوال: حضرت زینب کو جو تکلیفیں پہنچی اس کے بارے حضور ﷺ کیا فرماتے تھے؟

جواب: آپ فرماتے: وہ میری سب سے اچھی بیٹی تھی جو میری محبت میں ستائی گئی۔

سوال: حضرت زینب کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

جواب: آپ کے خالہ زاد حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے۔

سوال: آپ کے شوہر کس چیز میں شہرت رکھتے تھے؟

جواب: وہ تجارت میں امانت داری کے حوالے سے مشہور تھے۔

سوال: حضرت زینب کی اولاد کتنی تھی؟

جواب: آپ کا ایک بیٹا اور ایک بیٹی تھی۔

سوال: اولاد کے نام کیا تھے؟

جواب: بیٹی کا نام امامہ اور بیٹے کا نام علی تھا۔

سوال: حضرت زینب کے شوہر کس جنگ میں کفار کے ساتھ شریک تھے؟

جواب: جنگ بدر میں۔

سوال: آپ کے شوہر جنگ بدر میں قید ہوئے تو آپ نے فدیے کے لیے کیا بھیجا؟

جواب: آپ نے اپنا ہار بھیجا جو آپ کی والدہ نے جہیز میں دیا تھا۔

سوال: حضرت زینب کا ہار دیکھ کر آپ ﷺ کی کیا حالت تھی؟

جواب: آپ ﷺ آبدیدہ ہو گئے اور آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

سوال: آپ کے شوہر کو کس شرط پر رہا کیا گیا تھا؟

جواب: اس شرط پر کہ مکہ جا کر زینب کو مدینہ بھیجیں گے۔

سوال: حضرت ابوالعاص کو جب حضرت زینب کو طلاق دینے پر بہت بڑا لالچ دیا گیا تو آپ نے کیا کہا؟

جواب: حضرت ابوالعاص نے کہا زینب کے مقابلے میں کسی عورت کی کوئی حیثیت نہیں۔

سوال: حضرت زینب نے ہجرت کب فرمائی؟

جواب: غزوہ بدر کے بعد سن 2 ہجری میں۔

سوال: آپ کے شوہر جب دوبارہ گرفتار کر کے لائے گئے تو حضرت زینب نے کیا اعلان فرمایا؟

جواب: آپ نے اپنے شوہر کو پناہ دینے کا اعلان کیا جسے حضور ﷺ نے قبول کیا۔

سوال: آپ کے شوہر کب مسلمان ہوئے ؟

جواب: سن 6 ہجری میں۔

سوال: حضرت زینب کو سب سے زیادہ محبت کس سے تھی؟

جواب: اپنے والد محترم حضرت محمد ﷺ اور اپنے شوہر سے۔

حضرت زینب نے کب وفات پائی؟

جواب: سن 8 ہجری میں۔

سوال: حضرت زینب کو غسل کس نے دیا تھا؟

جواب: حضرت ام ایمنؓ، حضرت سودہؓ، حضرت ام عطیہؓ اور حضرت ام سلمہؓ نے۔

سوال: حضرت زینب کا جنازہ کس نے پڑھایا؟

جواب: آپ کے والد محترم حضرت محمد ﷺ نے پڑھائی۔

سوال: حضرت زینب کا قبر میں کس نے اتارا تھا؟

جواب: آپ کے والد حضرت محمد ﷺ نے۔

سوال: حضرت زینب کی قبر کہاں ہے؟

جواب: جنت البقیع مدینہ منورہ میں۔

سوال: حضور ﷺ کی دوسری بیٹی کا کیا نام ہے؟

جواب: آپ کی دوسری بیٹی کا نام حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا ہے۔

سوال: حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کب پیدا ہوئیں تھیں؟

جواب: حضرت رقیہ حضور ﷺ کے اعلان نبوت سے سات سال پہلے پیدا ہوئیں۔

## حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کوئز

سوال: حضور ﷺ کی دوسری بیٹی کا کیا نام ہے؟

جواب: آپ کی دوسری بیٹی کا نام حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا ہے۔

سوال: حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کب پیدا ہوئیں تھیں؟

جواب: حضرت رقیہ حضور ﷺ کے اعلان نبوت سے سات سال پہلے پیدا ہوئیں۔

سوال: حضرت رقیہؓ نے اسلام کب قبول کیا اور بیعت کب کی؟

جواب: شروع میں ہی اپنی والدہ اور بہنوں کے ساتھ اسلام قبول کیا اور بیعت کی۔

سوال: حضرت رقیہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

جواب: ابولہب کے بیٹے عتبہ سے۔

سوال: عتبہ نے حضرت رقیہ کو طلاق کیوں دی تھی؟

جواب: اپنے باپ ابولہب کے کہنے پر دی۔

سوال: عتبہ کے بعد حضور ﷺ نے آپ کا نکاح کس سے کیا تھا؟

جواب: حضرت عثمان غنیؓ سے۔

سوال: حضرت رقیہؓ نے حضرت عثمانؓ کے ساتھ پہلی ہجرت کہاں کی تھی؟

جواب: حبشہ کی طرف۔

سوال: حبشہ اور مدینہ ہجرت کرنے کی وجہ سے آپ کو اور آپ کے شوہر کو کیا لقب ملا تھا؟

جواب: ذوالہجرتین کا لقب ملا۔

سوال: حبشہ ہجرت کرنے پر حضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا لوطؑ کے بعد حضرت عثمان پہلے شخص ہیں جنہوں اہلیہ کیساتھ ہجرت کی

سوال: حضرت رقیہؓ کی اولاد کتنی تھی؟

جواب: ایک بیٹا تھا جس کا نام عبداللہ تھا چھ سال کی عمر میں وفات پا گیا تھا۔

سوال: حضور ﷺ کے کس غزوے پر جاتے ہوئے حضرت رقیہ بیمار ہوئیں؟

جواب: غزوہ بدر پر جاتے ہوئے۔

سوال: حضور ﷺ نے اپنی بیٹی کے پاس کس کو چھوڑا تھا؟

جواب: ان کے شوہر حضرت عثمان کو۔

سوال: حضرت رقیہ کب فوت ہوئیں اور کہاں دفن ہوئیں۔

جواب: غزوہ بدر کے دنوں میں، اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔

سوال: حضرت رقیہ کا جنازہ کس نے پڑھایا تھا؟

جواب: آپ کے والد محترم حضرت محمد ﷺ نے۔

## حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کوئز

سوال: حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کون ہیں؟

جواب: حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کی تیسری بیٹی ہیں۔

سوال: حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کب پیدا ہوئیں؟

جواب: حضرت ام کلثومؓ حضور ﷺ کے اعلان نبوت سے چھ سال قبل پیدا ہوئیں۔

سوال: حضرت ام کلثومؓ نے کہاں تربیت پائی؟

جواب: حضرت ام کلثومؓ نے اپنے والدین کے ہاں تربیت پائی۔

سوال: حضرت ام کلثومؓ کے والدین کا نام کیا ہے؟

جواب: والد محترم کا نام حضرت محمد ﷺ اور والدہ محترمہ کا نام حضرت خدیجہؓ ہے۔

سوال: حضرت ام کلثومؓ کا حلیہ کیسا تھا؟

جواب: حضرت ام کلثومؓ اپنی والدہ حضرت خدیجہؓ کے ساتھ بہت مشابہت رکھتی تھیں۔

سوال: حضرت ام کلثوم نے اسلام کب قبول کیا؟

جواب: اپنی والدہ اور اپنی بہنوں کے ساتھ ابتدائی ایام میں اسلام قبول کیا۔

سوال: اسلام کی کس مشہور قید میں حضرت ام کلثومؓ اپنے والدین کے ساتھ تھیں؟

جواب: شعب ابی طالب میں۔

سوال: حضرت ام کلثوم کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

جواب: ابولہب کے بیٹے عتیبہ سے ہوا تھا۔

سوال: عتیبہ نے آپ کو طلاق کیوں دی تھی؟

جواب: اپنے باپ کے کہنے پر دی کیونکہ وہ اسلام کا سخت دشمن تھا۔

سوال: طلاق کے بعد حضور ﷺ نے آپ کا نکاح کس سے کیا تھا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے کیا۔

سوال: آپ کے نکاح کا مہر کتنا مقرر ہوا تھا؟

جواب: پانچ سو درہم

سوال: حضرت ام کلثومؓ حضرت عثمانؓ کے ساتھ کتنا عرصہ رہیں؟

جواب: تقریباً 6 سال ساتھ رہیں۔

سوال: حضرت ام کلثومؓ نے کب وفات پائی؟

جواب: شعبان 9 ہجری میں۔

سوال: حضرت ام کلثوم کی وفات کا صدمہ حضور ﷺ کو کس قدر پہنچا؟

جواب: بہت زیادہ صدمہ پہنچا، حضرت انس فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ حضرت ام کلثوم کی قبر پر تشریف فرما تھے اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

# حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کوئز

سوال: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کون ہیں؟

جواب: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہمارے نبی کی لاڈلی بیٹی اور حضرت علی المرتضی کی بیوی ہیں

سوال: حضرت فاطمہ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: حضرت فاطمہؓ بعثت نبوی سے پانچ سال پہلے پیدا ہوئیں۔

سوال: حضرت فاطمہ کی ولادت کے وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: حضور ﷺ کی عمر مبارک 35 سال تھی۔

سوال: حضرت فاطمہؓ نے تربیت اور پرورش کس کے پاس پائی؟

جواب: اپنے والدین حضرت محمد ﷺ اور حضرت خدیجہؓ کے پاس۔

سوال: حضرت فاطمہ کا لقب کیا ہے؟

جواب حضرت فاطمہ کا لقب زہراء ہے۔

سوال: حضرت فاطمہؓ کے والدین کا کیا نام ہے؟

جواب: حضرت فاطمہؓ کے والد محترم کا نام حضرت محمد اور والدہ کا نام حضرت خدیجہ ہے۔

سوال: حضرت فاطمہؓ کے بھائی کتنے ہیں اور ان کے نام کیا ہیں؟

جواب: تین بھائی ہیں۔ حضرت قاسم، حضرت عبداللہ اور حضرت ابراہیم۔

سوال: حضرت فاطمہ کتنی بہنیں ہیں اور ان کے نام کیا ہیں۔

جواب: چار بہنیں ہیں۔ حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت ام کلثوم اور حضرت فاطمہ۔

سوال: بہنوں میں حضرت فاطمہ کا کیا مقام ہے؟

جواب: حضرت فاطمہؓ اپنی بہنوں میں سب سے افضل ہیں۔

سوال: حضرت فاطمہؓ نے اسلام کب قبول کیا؟

جواب: اپنی والدہ اور بہنوں کے ساتھ ابتدائے اسلام میں۔

سوال: حضرت فاطمہؓ اپنے والدین کے کس قید میں ساتھ تھیں؟

جواب: شعب ابی طالب میں۔

سوال: حضرت فاطمہؓ نے اپنے والد محترم کے ساتھ ہجرت کی یا بعد میں؟

جواب: حضرت فاطمہؓ نے بعد میں ہجرت کی۔

سوال: ہجرت میں آپ کی کون سی بہن آپ کے ساتھ تھی؟

جواب: آپ کی بڑی بہن حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضور ﷺ نے اپنے گھر والوں کو لینے کے لیے کس کو بھیجا تھا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہ اور حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: ہجرت کے سفر میں حضور کے اہل خانہ کے ساتھ اور کون کون تھے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ صدیق کا خاندان، حضرت سودہؓ اور حضرت ام ایمنؓ ساتھ تھیں۔

سوال: حضرت فاطمہ کا نکاح کب ہوا؟

جواب: رجب کے مہینے ہجرت کے دوسرے سال۔

سوال: حضرت فاطمہ کی رخصتی کب ہوئی؟

جواب: رخصتی غزوہ بدر کے بعد ہوئی۔

سوال: حضرت فاطمہ کی شادی کس سے ہوئی؟

جواب: حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے ساتھ۔

سوال: حضرت علیؓ و فاطمہؓ کے نکاح کے وقت حضور نے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا کہ: اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ فاطمہ کا نکاح علیؓ سے کر دوں۔

سوال: حضرت فاطمہ کا مہر کتنا مقرر ہوا تھا؟

جواب: پانچ سو درہم

سوال: حضرت فاطمہ کا جہیز کیا تھا؟

جواب: ایک چادر، ایک تکیہ جس میں گھاس بھری تھی، ایک مشکیزہ، دو مٹی کے گھڑے اور دو چکیاں

سوال: نکاح کے بعد حضور نے حضرت فاطمہؓ سے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! میں نے تمہارا نکاح اپنے خاندان میں سب سے بہترین آدمی سے کر دیا ہے۔

سوال: نکاح کے بعد حضرت فاطمہ کو قریب لانے کے لیے کس صحابی نے مکان دیا؟

جواب: حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضرت علیؓ کے کہنے پر حضرت فاطمہ نے حضور سے کس چیز کا سوال کیا تھا؟

جواب: ایک غلام کا جو کام کاج میں ہاتھ بٹا سکے۔

سوال: آپ نے غلام کیوں مانگا تھا؟

جواب: کام زیادہ ہونے کی وجہ سے مشقت اٹھانی پڑتی تھی۔

سوال: حضور ﷺ نے غلام دینے کی بجائے کیا فرمایا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا آپ کو اس سے بہتر چیز نہ بتاؤں؟

سوال: آپ ﷺ نے حضرت فاطمہ کو غلام سے بہتر کیا چیز بتائی تھی؟

جواب: آپ نے فرمایا 33 مرتبہ سبحان اللہ، 33 مرتبہ الحمد للہ اور 33 مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیا کرو، یہ غلام سے بہتر ہے۔

سوال: غزوہ احد میں حضرت فاطمہؓ نے کون سا اہم کام کیا؟

جواب: حضور ﷺ کے زخموں پر جلے ہوئے کپڑے سے مرہم لگایا۔

سوال: کون سے اہم سفروں میں حضرت فاطمہ حضور ﷺ کے ساتھ تھیں؟

جواب: عمرۃ القضاء، فتح مکہ اور حجۃ الوداع کے سفر میں۔

سوال: حضرت فاطمہؓ کے بارے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے فاطمہ کو تکلیف دی اس نے مجھے تکلیف دی۔

سوال: حضور ﷺ نے جنت میں حضرت فاطمہؓ کے لیے کیا مقام بیان فرمایا؟

جواب: آپ نے فرمایا فاطمہ جنتی عورتوں کی سردار ہوں گی۔

سوال: حضرت فاطمہؓ جب حضور ﷺ کے گھر تشریف لاتیں تو حضور کیسا معاملہ فرماتے؟

جواب: آپ ﷺ کھڑے ہوجاتے، پیشانی پر بوسہ دیتے اور اپنی جگہ پر بٹھاتے۔

سوال: آخری ایام میں حضور نے حضرت فاطمہ کے کان میں سرگوشی کی تو حضرت فاطمہ کی کیا حالت تھی؟

جواب: آپ پہلی سرگوشی پر رونے لگیں اور دوسری پر مسکرانے لگیں۔

سوال: حضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا جس سے وہ پریشان اور خوش ہوئیں؟

جواب: پہلی بار آپ نے فرمایا فاطمہ میرا آخری وقت آگیا ہے، جب حضرت فاطمہ رونے لگیں تو آپ نے فرمایا میرے اہل بیت میں تم سب سے پہلے میرے پاس آؤ گی تو خوش ہوگئیں۔

سوال: حضور ﷺ نے وفات سے پہلے حضرت فاطمہ کو کیا وصیت کی تھی؟

جواب: آپ نے فرمایا فاطمہ! میری وفات پر اپنے چہرے کو مار کر زخمی مت کرنا، نہ اپنے بال بکھیرنا اور نہ واویلا کرنا اور نہ ماتم کرنے والی عورتوں کو بلا کر ماتم کرنا۔

سوال: حضور ﷺ کی وفات کے وقت حضرت فاطمہ کی کیا حالت تھی؟

جواب: آپ شدت غم سے اشعار پڑھ رہی تھیں۔

سوال: ان اشعار کا ترجمہ کیا ہے جو حضرت فاطمہؓ نے حضور ﷺ کی وفات پر پڑھے؟

جواب: اے ابا جان! آپ نے اپنے رب کی پکار کو قبول کرلیا، اے ابا جان! آپ نے جنت الفردوس کو ٹھکانہ بنالیا۔ اے ابا جان! ہم جبرئیل کو آپ کی وفات کی خبر سناتے ہیں۔

سوال: حضور ﷺ کی تدفین کے وقت حضرت فاطمہؓ نے حضرت انسؓ سے کیا فرمایا تھا؟

جواب: حضرت فاطمہؓ نے فرمایا: اے انس! کیا تمہیں یہ بات پسند آتی ہے کہ تم رسول اللہ ﷺ پر مٹی ڈالو۔۔۔اور رونے لگیں

سوال: حضرت فاطمہ نے حضور ﷺ کی قبر مبارک پر کھڑے ہوکر اشعار میں کیا کہا تھا؟

جواب: جس نے محمد ﷺ کی مٹی کو سونگھ لیا تو اگر وہ ساری زندگی کسی مدہوش کرنے والی چیز کو نہ سونگھے، اسے کوئی فرق نہیں پڑتا، مجھ پر ان کی وفات سے ایسی مصیبتیں نازل ہوئیں اگر وہ دن پر نازل ہوتیں تو دن رات میں تبدیل ہوجاتے۔

سوال: حضرت فاطمہؓ نے حضور ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکرؓ سے کیا سوال کیا تھا؟

جواب: حضرت فاطمہؓ نے کہا باغ فدک جو میرے بابا کی میراث ہے مجھے دے دیا جائے۔

سوال: حضرت ابوبکر نے حضرت فاطمہ کو کیا جواب دیا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ نے حضور ﷺ کا فرمان سنایا کہ: کہ ہم انبیاء کی وراثت مال نہیں ہوتا ہم جو چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

سوال: کیا حضرت فاطمہؓ یہ جواب سن کر حضرت ابوبکرؓ سے ناراض ہوگئیں تھیں؟

جواب: نہیں! بھلا حضرت فاطمہؓ اپنے بابا کا فرمان سن کر کیسے ناراض ہوسکتی ہیں۔

سوال: حضرت ابوبکرؓ نے حضرت فاطمہؓ سے کیا وعدہ کیا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ جس طرح حضور ﷺ اپنی ضرورت کا مال لے کر باقی صدقہ کرتے تھے میں بھی ایسا ہی کروں گا۔

سوال: جب حضرت علی خلیفہ بنے تو کیا انہوں نے باغ فدک اپنی اولاد میں تقسیم کر دیا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ نے بھی تقسیم نہیں کیا بلکہ اسی طرح چلتا رہا جیسے پہلے تھا۔

سوال: باغ فدک تھا کیا؟

جواب: یہ ایک باغ تھا جو خیبر میں واقع تھا۔

سوال: باغ فدک کی آمدنی کہاں خرچ ہوتی تھی؟

جواب: حضرات اہل بیت اطہار پر اور جو بچ جاتا بیت المال میں جمع کر دیا جاتا۔

سوال: حضرت فاطمہ کی اولاد کتنی تھی؟

جواب: حضرت فاطمہؓ کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

سوال: حضرت فاطمہ کی اولاد کے نام کیا ہیں؟

جواب: حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ، حضرت زینبؓ، حضرت ام کلثوم اور حضرت رقیہؓ۔

سوال: حضرت فاطمہ حضرت علی کی رفاقت میں کتنا عرصہ رہیں؟

جواب: 9 سال رہیں۔

سوال: حضرت فاطمہ کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 03 رمضان 11 ہجری کو۔

سوال: حضرت فاطمہ کو غسل کس نے دیا؟

جواب: حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت ابوبکر کی بیوی اسماء بنت عمیس اور حضرت سلمیٰ نے۔

سوال: حضرت فاطمہ کا جنازہ کس نے پڑھایا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے پڑھایا کیونکہ وہی اس وقت دینی و دنیاوی امام تھے، اور امامت وقت کا امام ہی کرتا تھا۔

سوال: حضرت فاطمہ کی تدفین کہاں ہوئی؟

جواب: آپ کی تدفین جنت البقیع میں ہوئی۔

سوال: حضرت فاطمہؓ کے پہلو میں کون کون مدفون ہیں؟

جواب: حضرت عباسؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت زین العابدینؒ مدفون ہیں۔